پیپر پیٹرن کنزالمدارس بورڈ پاکستان

متوسطہ دوم تا تخصصات تمام درجات کا سوالیہ پیپر تین حصوں پر مشتمل ہو گا۔

(1) **کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's):** 25x1=25

"پہلے حصے" میں 25 معروضی سوالات نصاب کے پہلے 40 فیصد سے دیئے جائیں گے اور تمام سوالات کا حل مطلوب ہوں گے ہر سوال کا 01 نمبر ہو گا۔

انداز: درست جواب پر √ کا نشان لگائیں۔

مثال: اسم معرفہ کی اقسام ہیں۔

(الف)2 (ب)4 (ج)6 (د)7 √

مذکورہ انداز پر 25 معروضی سوالات ہوں گے۔

(2) **مختصر سوالات (SQ'S):** 15x3=45

"دوسرے حصے" میں کل 20 سوالات دیئے جائیں گے اور 15 سوالات کا حل مطلوب ہو گا۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہوں گے۔

مختصر سوالات درج ذیل چیزوں سے کیے جاسکتے ہیں۔

- ☆ تعریفات پوچھی جائیں گی۔
- ☆ کتاب کی فنی ابحاث سے مختصر سوال پوچھا جائے گا جس کا جواب تقریباً 2 لائنوں پر مشتمل ہو گا۔
- ☆ عربی عبارت پر اعراب پوچھا جائے گا اور وہ عبارت تقریباً ایک لائن پر مشتمل ہو گی۔
- ☆ کسی عربی عبارت (تقریباً ایک لائن) کا ترجمہ پوچھا جائے گا اور عبارت کا مفہومی / لفظی ترجمہ مطلوب ہو گا۔
- ☆ کسی لفظ یا جملہ کی مراد پوچھی جاسکتی ہے۔
- ☆ ایک / آدھی لائن پر مشتمل عربی عبارت کی مختصر (تقریباً 3 لائنوں پر مشتمل) وضاحت

(3) **طویل سوالات (LQ'S):** 3x10=30

"تیسرے حصے" میں کل 5 سوالات دیئے جائیں گے اور 3 سوالات کا حل مطلوب ہو گا۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہوں گے۔

انشائیہ سوالات درج ذیل چیزوں سے کیے جاسکتے ہیں۔

- ☆ تعریفات، اقسام، امثلہ نیز تعریفات کا امثلہ پر انطباق
- ☆ قواعد وضوابط اور اس کا اجراء
- ☆ اختلافی مسئلے کا بیان مع الدلائل
- ☆ کسی مغلق / مبہم مقام کی تشریح وتوضیح
- ☆ اعتراضات وجوابات / قیل وقال
- ☆ اغراضِ مفسر / ماتن
- ☆ تقریباً 8 سے 10 لائنوں پر مشتمل بحث کا خلاصہ
- ☆ اثبات مسئلہ / مؤقف
- ☆ تقریباً چار لائنوں پر مشتمل عبارت پر اعراب یا ترجمہ اور اس کی مختصر یا مکمل وضاحت
- ☆ ماتن / شارح کے حالات اور مقام ومرتبہ، کتاب کا اسلوب ومقام مرتبہ

یاد رہے! سوالیہ پیپر 2 ہوں گے۔

(1) معروضی: جس کے کل 25 نمبر ہوں گے اور اس کے لیے 30 منٹ دیئے جائیں گے۔

(2) انشائیہ: جس میں مختصر اور طویل سوالات ہوں گے۔ اس کے کل 75 نمبر ہوں گے اور اس کے لیے 2 گھنٹے 30 منٹ دیئے جائیں گے۔

اہم وضاحت: متوسطہ دوم سے تخصصات تک تمام درجات کا معروضی پیپر اردو میں ہو گا۔ اسی طرح متوسطہ دوم تا عالمیہ سال اول تک درجات کا انشائیہ پیپر اردو میں جبکہ عالمیہ سال دوم وتخصصات (فقہ، حدیث وغیرہ) کا انشائیہ پیپر عربی میں ہو گا۔

نوٹ: تجوید وقرات کے جن مضامین کا پیپر تحریری ہو گا اس کا پیپر پیٹرن بھی یہی ہو گا۔